# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 22 September-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: 22 ستمبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** **** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ حکومت کی جانب سے مختلف شعبوں میں کیئے گئے مفاہمتی معاہدوں کے باعث ہی مہاراشٹر شرح نمواور غیر ملکی سرمایہ کاری میں سرفہرست وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کا استدلال۔

☆ آئندہ 2 / ماہ میں ملک کی 20 ندیوں کو باہم جوڑا جائے گا۔ مرکزی وزیر برائے آبی تحفظ سی آر پاٹل کا اعلان۔

☆ آئندہ اسمبلی انتخابات کیلئے ونچت بہوجن آگھاڑی امیدواروں کی پہلی فہرست جاری۔

☆ مراٹھا ریزرویشن رہنما منوج جرانگے کی بھوک ہڑتال کی حمایت میں گھن ساؤنگی تعلقے میں راستہ روکو مظاہرے۔ بیڑ اور دھاراشیو ضلع بند بھی کامیاب۔

اور ☆ چنئی کرکٹ ٹیسٹ پر بھارت کی گرفت مضبوط۔ فتح کے لئے 6 / وکٹوں کی ضرورت۔

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا ہے کہ حکومت کی پہل اور تمام شعبوں میں کیئے گئے مفاہمتی معاہدوں کے باعث ہی مہاراشٹر غیر ملکی سرمایہ کاری اور کل گھریلو آمدنی کے لحاظ سے ملک میں سرفہرست ریاست بن گئی ہے۔ وہ کل تھانہ میں تھانہ وکاس پریشد 2024 کے پروگرام سے خطاب کررہے تھے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ملک میں ہورہی کل غیر ملکی سرمایہ کاری کا 52 فیصد حصہ حاصل کرنا ایک بڑی کامیابی ہے۔ اور یہ سب ریاستی حکومت کی پہل پر کیئے گئے معاہدوں کے سبب ہی ممکن ہوسکا ہے۔

***** **** *****

ماحولیات۔ جنگلات اور موسمی تغیر کے مرکزی وزیر بھوپندر یادو نے کل ممبئی میں ''بین الاقوامی ساحل فضائی دن مہم'' اور ''سوچھتا ہی سیوا مہم'' کے تحت جوہو چوپاٹی ساحل سمندر کی صفائی مہم میں حصہ لیا۔ اس موقع پر گورنر سی پی رادھا کرشنن اور وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے بھی موجود تھے۔ صفائی مہم میں طلباء کی بڑے پیمانے پر شرکت پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے گورنر نے کہا کہ صفائی کے حوالے سے طلباء میں بیداری ایک مثبت تبدیلی کا مظہر ہے۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے حاضرین کو صفائی حلف بھی دلایا۔

***** **** *****

پربھنی میں بھی کل ضلع پریشد کی جانب سے سوچھتا ہی سیوا مہم شروع کی گئی۔ اس مہم کے تحت مختلف سرگرمیاں جیسے درخت لگانا، صفائی مہم، ایک درخت ماں کے نام، یک وقتی استعمال کی پلاسٹک اشیا پر پابندی، کمپوسٹ کھاد کی تیاری اور ثقافتی پروگراموں کے ذریعہ عوام میں صفائی سے متعلق بیداری پیدا کرنا شامل ہے۔

***** ***** *****

مرکزی وزیر برائے آبی تحفظ سی آر پاٹل نے کہا ہے کہ ملک کی آبادی، مویشیوں اور زراعت کیلئے وافر مقدار میں پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے اگلے 2 ماہ میں ملک کی 20 ندیوں کو ایک دوسرے سے جوڑ دیا جائیگا۔ پونا میں نام فاؤنڈیشن کے 9/ویں یوم تاسیس کی تقریب سے وہ خطاب کررہے تھے۔ اس موقع پر نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس، وزیر صنعت اودئے سامنت، سورت کی رکن اسمبلی سنگیتا پاٹل، نام فاؤنڈیشن کے سربراہ نانا پاٹیکر اور فاؤنڈیشن کے بانی مکراند انا سپورے بھی موجود تھے۔ نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے اپنے خطاب میں کہا کہ جل یوکت شیوار یوجنا کامیاب بنانے میں نام فاؤنڈیشن نے اہم کردار ادا کیا ہے۔

***** ***** *****

اقلیتی امور اور اوقاف وزیر عبدالستار نے کہا ہے کہ اقلیتی ترقیاتی شعبے کیلئے 500 کروڑ روپئے مختص کئے گئے ہیں۔ جس سے اقلیتی فرقے کے طلباء کو اعلیٰ تعلیم کیلئے اسکالرشپ، چھوٹی صنعتوں کیلئے آزاد اقلیتی اقتصادی ترقیاتی کارپوریشن سمبھاجی نگر میں مولانا آزاد اقلیتی اقتصادی ترقیاتی کارپوریشن کی جانب سے منعقدہ ایک روزہ تربیتی پروگرام سے وہ خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اقلیتی فرقے کے افراد کو کارپوریشن کی جانب سے فراہم کئے جارہے قرضوں سے اقلیتی فرقے کے نوجوان فائدہ اٹھائیں۔

***** ***** *****

ونچت بہوجن آگھاڑی کے سربراہ پرکاش امبیڈکر نے کل آئندہ اسمبلی انتخابات کیلئے پارٹی کے ۱۱/امیدواروں کی فہرست جاری کی ہے۔ اس میں اورنگ آباد مشرق حلقے سے وکاس دانڈگے اور ناندیڑ جنوبی حلقے سے فاروق احمد کے نام شامل ہیں۔ اس موقع پر پرکاش امبیڈکر نے وضاحت کی کہ ونچت بہوجن آگھاڑی آئندہ انتخابات میں کسی بھی پارٹی کی حمایت نہیں کریگی۔

***** ***** *****

وزیر اعظم نریندر مودی کا 26/ستمبر کا مجوزہ ضلع واشم کا دورہ موخر کردیا گیا ہے۔ اب نئے ترمیم شدہ پروگرام کے مطابق وہ 5/اکتوبر کو یہ دورہ کریں گے۔ رابطہ وزیر سنجے راٹھوڑ نے وزیر اعظم کے اس دورے کے سلسلے میں جلسے کے مقام کا معائنہ کیا اور بنگارا میوزیم کے کام کا جائزہ بھی لیا۔

***** ***** *****

مراٹھا ریزرویشن کے رہنما منوج جرانگے پاٹل کی جالنہ ضلع کے انتر والی سراٹی میں گذشتہ 5 دنوں سے بھوک ہڑتال جاری ہے۔ اس بھوک ہڑتال کی حمایت کیلئے سکل مراٹھا سماج کی جانب سے آج جالنہ ضلع بند کا اعلان کیا گیا ہے۔ گذشتہ روز بھی اس ہڑتال کی حمایت میں گھن ساونگی تعلقے میں بانے گاؤں، بھوگ گاؤں، رامس گاؤں اور دیگر دیہاتوں میں مراٹھا فرقے کے افراد نے راستہ روکو مظاہرہ کیا۔ جس کے سبب تیرتھ پوری شاہراہ پر ٹریفک میں کچھ دیر کیلئے خلل پڑا۔ جرانگے کی تحریک کی حمایت میں مراٹھا ریزرویشن حامیوں کی جانب سے معلنہ بیڑ اور دھاراشیو ضلع بند کامیاب رہا۔ اس کے علاوہ لاتور ضلع کے سکل مراٹھا سماج کی جانب سے بروز پیر ضلع بند کا اعلان کیا گیا ہے۔

دریں اثناء جالنہ ضلع کے وڈی گودری پھاٹے پر او بی سی رہنما لکشمن ہاکے اور نو ناتھ واگھمارے کی بھی بھوک ہڑتال جاری ہے۔ اس سلسلے میں پولس نے انتر والی سراٹی جانے والی سڑک بند کر رکھی ہے۔ اس سڑک پر ٹریفک بحال کرنے کیلئے کل وڑی گودری کے مراٹھا سماج کے کارکنوں نے زوردار نعرے بازی کی۔ جس کے بعد او بی سی سماج کے کارکنوں نے بھی جوابی نعرے بازی کی۔ جس سے کچھ دیر کیلئے وہاں کشیدگی پیدا ہوگئی تھی

پولس سپرنٹنڈنٹ اجئے کمار بنسل نے منوج جرانگے پاٹل اور لکشمن ہاکے کے نمائندہ وفود سے ملاقات کر کے دونوں فریقوں سے امن قائم رکھنے کی اپیل کی۔ بعدازاں انہوں نے انتر والی سراٹی، وڑی گودری، نالے واڑی، چندنا پوری راستوں کی ٹریفک کو متبادل راستوں پر موڑنے کیلئے احکامات جاری کئے۔

***** **** *****

بیڑ ضلع میں بچوں کی شادی کے تدارک کیلئے مہم پر بہتر طور پر عمل کرنے کیلئے اسکاچ تنظیم کی جانب سے اسکاچ 2024 قومی ایوارڈ بیڑ کی سابق ضلع کلکٹر دیپا مودھوڑ مونڈ ھے کو کل تفویض کیا گیا۔ بیڑ کے ضلع کلکٹر کے عہدے پر جب مونڈ ھے فائز تھیں تب بیڑ ضلع میں ان کی رہنمائی میں کمسن بچوں کی شادی روکنے کیلئے کئی اقدامات کئے گئے تھے۔ جس کا مثبت اثر رہا اور اس عرصے میں انتظامیہ بچوں کی کئی شادیاں روکنے میں کامیاب رہی تھی۔

***** **** *****

بھارت اور بنگلہ دیش کے مابین چنئی میں جاری پہلے کرکٹ ٹیسٹ میچ پر بھارت نے اپنی گرفت مضبوط کر لی ہے۔ میچ کے تیسرے دن کل شوبھمن گل اور رشبھ پنت کی سنچری شراکت کے باعث بھارت کی ٹیم نے اپنی دوسری اننگ 4 /وکٹ پر 287 رنوں پر ڈکلیئر کر دی۔ اس طرح کل 515 رنوں کے ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے بنگلہ دیش نے کل کھیل کے اختتام تک 4 /وکٹ کے نقصان پر 158 رن بنائے تھے۔ بھارت کی جانب سے دوسری اننگ میں روی چندرن اشوین نے تین وکٹ اور جسپریت بھومرا نے ایک وکٹ حاصل کیا ہے۔ بنگلہ دیش کو جیت کیلئے مزید 357 رن درکار ہیں۔ جبکہ بھارت کو جیت کیلئے 6 /وکٹوں کی ضرورت ہے۔

***** **** *****

امبا جوگائی کی یشونت راؤ چوہان میموریل کمیٹی کا آنجہانی بھگوان راؤ لو مٹے میموریل ایوارڈ کل معروف ڈرامہ فنکار اور ڈرامہ نویس پدم شری ستیش آڑے کر کو تفویض کیا گیا۔ گوا کے لوک آیوکت امباداس جوشی، بزرگ فنکار چندر کانت کاڑے، یشونت راؤ چوہان کمیٹی کے سیکریٹری دگڑ و لو مٹے اور دیگر شخصیات اس موقع پر موجود تھے۔

***** **** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں پریرنا فاؤنڈیشن اور ایم آئی ٹی تعلیمی ادارے کی جانب سے کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں ہندوستانی علمی روایت کے عنوان سے ایک سیمینار منعقد کیا گیا۔ سیمینار کا افتتاح یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کے سیکریٹری منیش جوشی نے کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ریاست، زبان، اور مذہب سے بالاتر ہو کر علم کی ہندوستانی روایت پر مبنی نئی تعلیمی پالیسی کو ملک بھر میں بڑے پیمانے پر پذیرائی مل رہی ہے۔

***** **** *****

ناندیڑ۔دھاراشیواور پربھنی اضلاع میں کل زوردار بارش ہوئی۔دھاراشیوضلع کے کلمب تعلقے کے بھاٹ شیر پورا، میں ایم نوجوان اجیئے گائیکواڑ کی بجلی گرنے سے موت واقع ہوگئی۔اس دوران بارش کے باعث سویابین کی کٹائی کا عمل بارش کے باعث تعطل کا شکار ہےاور کسانوں نے سویابین کی فصلوں کو بڑے پیمانے پرنقصان پہنچنے کے خدشے کا اظہار کیا ہے۔

ممبئی کے علاقائی محکمہ موسمیات نے 24 ستمبر تک پربھنی، بیڑ،ہنگولی، ناندیڑ، لاتوراور دھاراشیواضلاع کیلئے یلوالرٹ جاری کیا ہے۔

***** ***** *****

**آخرمیں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بارپھر:**

☆ حکومت کی جانب سے مختلف شعبوں میں کئے گئے مفاہمتی معاہدوں کے باعث ہی مہاراشٹر شرح نمواور غیرملکی سرمایہ کاری میں سرفہرست
وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے کا استدلال۔

☆ آئندہ 2/ ماہ میں ملک کی 20 ندیوں کو باہم جوڑا جائے گا۔مرکزی وزیر برائے آبی تحفظ سی آر پاٹل کا اعلان۔

☆ آئندہ اسمبلی انتخابات کیلئے ونچت بہوجن آگھاڑی امیدواروں کی پہلی فہرست جاری۔

☆ مراٹھا ریزرویشن رہنما منوج جرانگے کی بھوک ہڑتال کی حمایت میں گھن ساؤنگی تعلقے میں راستہ روکو مظاہرے۔
بیڑ اور دھاراشیوضلع بندبھی کامیاب۔

اور ☆ چنئی کرکٹ ٹیسٹ پر بھارت کی گرفت مضبوط۔فتح کے لئے 6/ روکٹوں کی ضرورت۔

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

***** ***** *****